

# سفارشات برائے کاشتکاران

ملک محمد اکرم، ناظمِ اعلیٰ زراعت (اصلاحِ آبپاشی) پنجاب

یکم تا 15 فروری 2021ء

- فصل کو پانی لگانے سے پہلے کھالا جات کی اچھی طرح سے صفائی کریں، یعنی جڑی بوٹیوں کو ختم کرنے کے لیے جڑی بوٹی مار زہروں کا استعمال کریں تا کہ پانی کے بہاؤ میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ نہ ہو۔
- پکے کھالا جات کے کناروں کو محفوظ رکھنے کے لیے دونوں اطراف میں مٹی کی تہہ چڑھا کر پٹڑیاں بنائیں تا کہ کھالا جات ٹوٹ پھوٹ کا شکار نہ ہوں۔
- کھالا جات میں جانوروں یا بچوں کو بیٹھنے اور نہانے نہ دیں، اس سے پانی کا بہاؤ متاثر ہونے سے پانی ضائع ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔



- فصلوں/ باغات/ سبزیات کو کورے سے بچانے کے لیے کورا پڑنے والی راتوں میں فلڈ، ڈرپ یا سپرنکلر نظامِ آبپاشی کے ذریعے ہلکی آبپاشی کریں اور ممکن ہو تو چھوٹے پودوں کو پرالی یا پولی تھین شیٹ سے ڈھانپ دیں۔ سپرنکلر نظامِ آبپاشی کی دستیابی کی صورت میں کورا پڑنے کے اوقات میں آبپاشی نہایت مفید ہوتی ہے۔
- ٹیوب ویل/ ڈرپ/ سپرنکلر نظامِ آبپاشی کے ساتھ فصل کو آبپاشی صرف صبح یا شام کے اوقات میں کریں تا کہ بخارات کی شکل میں پانی کا ضیاع کم سے کم ہو۔
- ڈرپ نظامِ آبپاشی کے ذریعے کاشتہ آلو کی فصل کی برداشت کے بعد مکئی کی کاشت بذریعہ ڈرپ آبپاشی کریں اور بوائی سے قبل زمین کو لیزر لینڈ لیولر سے ہموار کریں۔
- ڈرپ نظامِ آبپاشی کی مدد سے ٹنل میں لگائی گئی سبزیوں کی آبپاشی اور پانی میں حل پذیر کھادوں کا استعمال بذریعہ فرٹیگیشن شعبہ اصلاحِ آبپاشی کے عملہ کے مشورہ کے مطابق جاری رکھیں۔ یاد رہے کہ مائع کھادوں کا استعمال پودے کو سالٹ انجری (Salt Injury) سے بچاؤ کے لیے بھی انتہائی مددگار رہیں۔
- زمین میں نمی کی مقدار معلوم کرنے کے لیے مائسچر میٹر (Moisture Meter) کا استعمال کریں اور پانی کی مطلوبہ مقدار بروقت فراہم کریں۔
- اضافی نہری پانی یا زائد بارشی پانی کو آبی تالابوں میں جمع کریں تا کہ بعد ازاں ضرورت کے وقت فصلوں کی آبپاشی کے کام آسکے۔
- ایسے علاقے جہاں زمینی پانی کا معیار انتہائی ناقص ہو وہاں ٹیوب ویل کے ذریعے آبپاشی انتہائی ضرورت کے وقت کریں۔
- ریتلی، پتھریلی، غیر آباد، پانی کی کمی والی، بارانی اور ناہموار زمینوں میں منافع بخش فصلوں/ گھنے باغات کی کاشت بذریعہ ڈرپ نظامِ آبپاشی کریں۔
- ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے، زرعی مداخل کی لاگت میں کمی لانے اور فی ایکڑ زیادہ منافع حاصل کرنے کے لیے ڈرپ نظام آبپاشی کو چلانے کے لیے سولر سسٹم کی تنصیب کروائیں۔
- فصلوں کی آبپاشی ضرورت کے مطابق موسمی پیشین گوئی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کریں۔ بارش کے دنوں میں نشیبی زمینوں میں فصلوں کی آبپاشی میں خصوصی احتیاط کریں۔
- تیزی سے رونما ہوتی موسمیاتی تبدیلیوں کے پیشِ نظر موسمی حالات پر ہر وقت نظر رکھیں اور زیادہ بارش کی صورت میں فصل سے پانی کی نکاسی کا مناسب بندوبست کریں۔
- آبپاشی سے متعلق درپیش کسی بھی قسم کے مسائل کے حل یا معلومات کے لیے محکمہ زراعت کے شعبہ اصلاحِ آبپاشی کے مقامی نمائندے سے رابطہ کریں۔